© rasailojaraid.com

## بلاعنوان

کسی سے روٹھ جانا بے سبب اچھا نہیں لگتا
بڑھاپے میں جوانی کا یہ ڈھب اچھا نہیں لگتا

اگر حضرت غلط ہیں تو غلط کہنے میں ڈر کیا ہے
پرستش کے گماں والا ادب اچھا نہیں لگتا

رویہ مشفقانہ ہو تو جان و دِل تمہارے ہیں
ہمیں بچوں سے انداز غضب اچھا نہیں لگتا

خدا کی ذات کو زیبا تکبر ہے یہ اب سمجھے
ہمیں بھی پہلے لگتا تھا پر اب اچھا نہیں لگتا

خدا سے پیار ہے جن کو انہیں بندے بھی پیارے ہیں
اگر بندوں سے نفرت ہے تو اب اچھا نہیں لگتا

محبت خود بخود ہو تو محبت اچھی لگتی ہے
ہمیں تو عشق بھی عندالطلب اچھا نہیں لگتا

خدا جانے ہو اس کا مرتبہ کیا اہل تقویٰ میں
تمہیں جس شخص کا نام و نسب اچھا نہیں لگتا

مجھے مکر و ریا والوں سے کاشف سخت نفرت ہے
خدا جانے مجھے کیوں کر یہ سب اچھا نہیں لگتا

سید کاشف گیلانی

(پروفیسر تاثیر وجدان)

## وارثِ شرعِ پیمبر........؟

اخبار کی تصویر میں ایک عالمِ دین کو بے پردہ خاتون کے پہلو میں دیکھ کر

وارثِ شرعِ پیمبر ہے مریضِ رنگ و بو
جو مسیحِ دہر تھا خود آج بیماروں میں ہے
صفحۂ اخبار پر ہم پہلوئے "عصمہ زبیر"؟
"خیر والے"! تو بھی کیا شر کے پرستاروں میں ہے؟

© rasailojaraid.com